8 ـ10 ابھی بھی مسیح کے دکھ انجیل کی حقیقی روح نہیں ہیں مسیح کی موت روح ہے ہمیں بہت محتاط ہونا ہے ہمیں بہت ہی مشہور یسعیاہ کے 53 باب میں یسعیاہ نے قریباً ہر قسم کی نبوت کی کہ یسوع کے ساتھ کیا ہوگا۔" تو بھی اس نے ہماری مشقتیں اٹھالیں اور ہمارے غموں کو برداشت کیا پر ہم نے اسے خدا کا مارا کوٹا اور ستایا ہوا سمجھا۔ حالانکہ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھائل کیا گیا اور ہماری بدکرداری کے باعث کچلا گیا ہماری ہی سلامتی کے لیے اس پر سیاست ہوئی تاکہ اس کے مار کھانے سے ہم شفا پائیں ہم سب بھیڑوں کی مانند بھٹک گئے ہم میں سے ہر ایک اپنی راہ کو پھیرا پر خداوند نے ہم سب کی بدکرداری اس پر لاد دی وہ ستایا گیا و تو بھی اس نے برداشت کی اور منہ نہ کھولا جس طرح برہ جیسے ذبح کرنے کو لے جاتے ہیں اور جس طرح بھیڑ اپنے بال کرنے والوں کے سامنے بے زبان ہے اسی طرح وہ خاموش رہا وہ ظلم کرکے اور فتوع لگا کر اسے لے گئے پر اس کے زمانے کے لوگوں میں سے کسی نے خیال کیا کہ وہ زندوں کی زمین میں سے کاٹ ڈالا گیا میرے لوگوں کے خطاؤں کے سبب سے اسے اس پر مار پڑی۔ اس کی قبر بھی شیریروں کے درمیان ٹھہرائی گئی اور وہ اپنی موت میں دولتمندوں کے ساتھ ہوا حالانکہ اس نے کسی طرح کا ظلم نہ کیا اور اس کے منہ میں ہر گز چھل نہ تھا لیکن خداوند کو پسند آیا کہ اسے کچلے اس نے اسے غمگیں کیا جب اس کی جان گناہ کی قربانی کے لیے گزرانی جائے گی تو وہ اپنی نسل کو دیکھے گا اس کی عمر دراز ہوگی اور خداوند کی مرضی اس کے ہاتھ کے وسیلہ سے پوری ہوگی اپنی جان ہی کا دکھ اٹھا کر وہ اسے دیکھے گا اور سیر ہوگا اپنے ہی عترفان سے میرا صادق خادم بہتوں کو راستباز ٹھہرائے گا کیونکہ وہ ان کی بدکرداری خود اٹھالے گا اس لیے میں اسے بزرگوں کے ساتھ حصہ دوں گا اور وہ لوٹ کا مال زورآوروں کے ساتھ بانٹ لے گا کیونکہ اس نے اپنی جان موت کے لیے انڈیل دی اور وہ خطاکاروں کے ساتھ شمار کیا گیا تو بھی اس نے بہتوں کے گناہ اٹھا لیے اور گنہگاروں کی شفاعت۔" اس نبوت میں ہم اکثر مصیبت کا کلام پڑھتے ہیں۔ بہت دفعہ خادم کی موت کا ذکر کیا گیا ہے اور اس بات کا بھی کہ وہ کیوں مرا۔

سبق نمبر 7 میں سے سوالات۔

1 ـ کیا یسوع نے اپنی زندگی کے آخر میں بہت دکھ اٹھائے؟

2 ۔ کیا یہ دکھ گناہنگاروں کو آزاد کرنے کے لیے ضروری تھے ؟

3 ۔ گناہوں کی معافی درحقیقت کونسی بات لیکر آئی ؟

4 ۔ کیا دوسرے آدمی ایسا کر سکتے ہیں جیسا یسوع نے کیا؟

5 ۔ کیوں یسوع ہی ایسا کر سکتا تھا؟

سبق نمبر 8

گناہ کا بوجھ یسوع کو برداشت کرنا تھا

9 ۔10 " حالانکہ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھائل کیا گیا اور ہماری بدکرداری کے باعث کچلا گیا۔ ہماری ہی سلامتی کے لیے اس پر سیاست ہوئی۔۔۔۔ خداوند نے ہم سب کی بدکرداری اس پر لاد دی۔" اس نبوت میں یہ بات بہت واضح ہے کہ خادم کو گناہوں کے سبب سے مرنا تھا کیونکہ نبوت کے پڑھنے والوں کی خطاؤں کے سبب سے یسعیاہ شخصی طور پر اسم ضمیر " ہم " پر زور دیتا ہے۔ پرانے عہد ناموں میں دوسری جگہوں پر اور نئے عہد نامہ میں بھی خطاؤں یا بدکرداری کی بجائے لفظ گہان استعمال ہوا ہے۔
یوسف مریم سے الگ ہونا چاہتا تھا جس کے ساتھ اس کی منگنی ہوئی تھی لیکن خواب میں وہ ایک فرشتے سے ملتا ہے جو اس کو ایسا کرنے سے روک دیتا ہے فرشتہ کہتا ہے: " اس کے بیٹا ہوگا اور تو اس کا نام یسوع رکھنا وہی اپنے لوگوں کو ان کے گناہوں سے نجات دے گا۔" متی 1 باب 21 آیت جیسے کہ ہم نے پہلے پڑھا کہ یوحنا بپتسمہ دینے والے نے اعلان کیا جب اس نے یسوع کو آتے ہوئے

دیکھا،" دیکھو خدا کا برہ جو جہاں کے گناہ کو اٹھالے جاتا ہے" یوحنا 1 باب 29 آیت آپ اور میں دنیا کا ایک حصہ ہیں جو گناہ میں کھو چکی ہے صلیب پر یہ گناہ یسوع پر لادے گئے۔ اس نے ہمارے جھوٹ، ہماری چوریاں، محبت کے لیے ہماری قوت، ہماری اپنی مرضی، مستی، انا، منافقت، چغلیوں سے پیار، ہمارا حد، اپنے اوپر اٹھالیا۔ کچھ لوگوں کے لیے اس نے قتل، تشدد، عورتوں سے زیادتی کو اٹھالیا۔ ہر چیز ہم جانتے ہیں کہ خوفناک گناہ ہیں جو اس پر لادے گئے اور ہر چیز ہم نہیں جانتے جو خدا اور انسانوں کے درمیان واقع ہوئی جو اس پر لادی گئی اگر کوئی یہ دعویٰ کرنے کی جرات کرے کہ لوگوں کے گناہوں کی قیمت اتنی نہیں تھی وہ بدترین گناہ کرے گا۔

10 ـ10 اب ہم اس آرٹیکل کے ایک خاص نقطے کی طرف آتے ہیں جو یسوع کے خون کے بارے ہے۔ سوال یہ ہے کیا یسوع کی موت ضروری تھی؟ مسیحیوں کی ایک آزاد شاخ اس سوال کا جواب نہیں دیتی اس کی موت کا سبب جو اس کے بنیادی رویے میں ملتا ہے جب وہ یہودیوں کے سامنے پیش ہوتا ہے جو جماعتی شاخ ہے (اور جس سے ہم لوگ تعلق رکھتے ہیں) کہتی ہے: جی ہاں یہ بالکل ضروری تھا کہ یسوع مرے اگر کوئی شخص انسانوں میں گناہ کے مسئلے کے لیے قائل نہیں ہے اور نہ انسان کی گناہ آلودہ فطرت کے لیے تو وہ نہیں سوچے گا کہ یسوع کا مرنا ضروری تھا جیسے ہم نے پہلے دیکھا کہ آزاد سوچنے والے کہتے ہیں کہ خدا کی محبت سب کچھ بخش سکتی ہے خدا نے گناہ کی قربانی کے لیے نہیں کہا یقیناً اس کے بیٹے کی موت کی قربانی کا بھی لیکن اس کے ساتھ ساتھ خدا خود اس کو ضروری سمجھتا ہے کہ انسانوں کے گناہ کے لیے ایک خطاکار آدمی کو مرنا ہے بائبل میں اس کے بارے کیا لکھا ہے اس طرح سے غور کیجیے کیونکہ بہت خاص بات ہے۔ خدا نے اپنے بیٹے کو اس خاص کام کو کرنے کے لیے چنا۔ انسان کو گناہ سے بچانے کے لیے سب ابتدائی قدم در حقیقت خدا کی طرف سے اٹھتے ہیں، باغ میں گناہ سے لے کر یسوع کے زمین پر آنے تک، صرف چند لوگ سنجیدگی کے لیے اپنے گناہوں کے بارے پریشان ہو گئے۔ زبور 51 یہودیوں کی روایاتی پیش کش زمین پر زندہ رہنے والے لوگوں کے محض ایک چناؤ تھا اس آرٹیکل میں ہم اس بات کو لمبا نہیں کریں گے کہ کیوں" کسی کو گناہوں کے لیے مرنا تھا۔ نا ہی اس حقیقت کو کہ اس شخص کو خدا کا بیٹا تھا۔ نا ہی کہ کیوں خدا فردوس میں دعویٰ کرتا ہے کہ اس کا ایسا معیار ہونا ہے بہت ساری کتابیں ان موضوعات کے بارے میں لکھی گئی ہیں بہت سارے مشہور علم الٰہیات کے ماہرین ان کے بارے میں بحث کر چکے ہیں ہم گتسمنی باغ کی طرف واپس جائیں گئے اور اس پیالے پر بات کریں گئے جو یسوع کو پینا تھا۔

11 ـ10 کیوں یہ بہت خوفناک حد تک مشکل تھا؟ جیسے کہ ہم نے پہلے بھی اس کو دیکھا، غالباً یہ ان جسمانی تکلیفوں کے سبب نہیں تھا جو اس کی منتظر تھیں۔ کیا یہ گناہ کا بوجھ ہو سکتا تھا جو اس پر لادا گیا کیا وہ اس کے وزن کو محسوس کر رہا تھا؟ علم الٰہیات کے ماہرین کی ایک بڑی تعداد اس رائے کو بیان کرتی ہے اور ہم بھی یہی سوچتے ہیں کیونکہ یہ کچھ تھا جو خُدا کرنے والا تھا ایک خاص لمحے میں خُدا نے تمام انسانوں کے گناہ ایک شخص پر اُس کے اپنے بیٹے یسوع مسیح پر لاد دیئے۔" اور اُس نے تمہیں بھی جو اپنے قصوروں اور جسم

کی نامختونی کے سبب سے مردہ تھے اُس کے ساتھ زندہ کیا اور ہمارے سب قصور معاف کیے اور حکوموں کی وہ دستاویز مٹا ڈالی جو ہمارے نام پر اور ہمارے خلاف تھی اور اُس کو صلیب پر کیلوں سے جڑ کر سامنے سے ہٹا دیا۔" کُلسیوں ۲: ۱۳، ۱۴۔ گتسمنی باغ میں دُعا میں یہ جدوجہد غالباً اُس عرصے میں اُس پر تھی کہ اُس کو گناہ کا پورا بوجھ اُٹھانا تھا۔ یسوع نے اپنے باپ کے ہاتھ سے اس پیالے کو لیا اور اس خوفناک پیالے کو پیا یہ اس نے سب کچھ خود کیا۔ تاریکی کے عرصے کے دوران جو تین گھنٹے رہی یسوع صلیب پر چلایا: " ایلی ایلی لما شبقتنی،" متی 27 باب 46 آیت یسوع نے تجربہ کیا کہ یہاں تک کہ اس کا باپ بھی اسے چھوڑ گیا یسوع تعنتی بنا اور گناہوں سے لادا گیا یہاں تک کہ آپ کے اور میرے گناہوں کے لیے خدا اس کے سوا کچھ نہ کر سکتا تھا کہ اس کے سر کو جھکا دے۔

سبق نمبر 8 کے سوالات۔

1 ۔ کیا یسوع اکثر گتسمنی باغ میں جاتا تھا؟

2 ۔ یسوع کیوں بہت زیادہ دباؤ میں اور خوفزدہ تھا جب وہ دعا کرتا تھا؟

3 ۔ کنسا پیالہ یسوع نے محسوس کیا کہ اس کو پینا تھا؟

4 ۔ کیا یسوع نے آخر کار اپنی موت پر فتح پائی؟

5 ۔ ایلی ایلی لما شبقتنی کا مطلب کیا ہے؟

سبق نمبر 9

یسوع کی موت کے معد کیا ہوا؟

1 ۔11 تاریکی کے عرصے کے خاتمے پر یسوع موا اور اس نے کہا" تمام ہوا۔اس کے ساتھ ہی اس نے اپنا سر جھکایا اور جان دے دی۔" یوحنا19 باب30 آیت۔اور خدا باپ نے ہیکل کا پردہ اوپر سے نیچے تک دو حصوں میں پھاڑ دیا بہت سالوں تک یہ پردہ یہودیوں کی ہیکل میں پاک مقام اور پاک ترین مقام کو الگ کیے ہوئے تھا۔اس پردے کے پیچھے پاک ترین غلاف کھروبیوں کے ساتھ عہد کا صندوق تھا یہودیوں کی نظر میں یہ مقام تھا جہاں خدا زمین پر لوگوں کے درمیان رہتا تھا۔پاک غلاف اور دو کروبی زمین پر خدا کے تخت کے طور پر سمجھے جاتے تھے۔" خداوند سلطنت کرتا ہے قومیں کانپے،وہ کروبیوں پر بیٹھتا ہے زمین لرزے؟99 زبور 1 آیت۔یہ مکمل طور پر منع تھا کہ پاک ترین مقام کی کوئی بھی چیز دیکھی جائے اس مقام میں داخل ہونا سوچ سے باہر تھا صرف مقدس دن میں کاہن اعظم کو اجازت تھی کہ وہ اس مقام میں داخل ہو اس کے پاس ایک برتن میں خون ہوتا جو وہ پاک غلاف کو مقدس کرنے کے لیے اس پر چھڑکتا جب یسوع صلیب پر موا مقدس کا پردہ خدا باپ کی طرف سے دو حصوں میں بٹ گیا ایسا کرنے سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اب خدا کے تخت تک رسائی مزید منع نہیں ہے۔" جو اس نے پردہ یعنی اپنے جسم میں سے ہو کر ہمارے واسطے مخصوص کی ہے اور چونکہ ہمارا ایسا بڑا کاہن ہے جو خدا کے گھر کا مختار ہے تو آؤ ہم سچے دل اور پورے ایمان کے ساتھ اور دل کے الزام کو دور کرنے کے لیے دلوں پر چھینٹیں لیکر اور بدن کو صاف پانی سے دھلوا کر خدا کے پاس چلے اور اپنی امید کے اقرار کو مضبوسی سے تھامے رہیں کیونکہ جس نے وعدہ کیا ہے وہ سچا ہے" عبرانیوں10 باب20 سے 23 آیت۔

2۔11 بے ایمان جوشیلے یہودیوں کے لیے مسیح کی مصلوبیت یقینا ایک بڑے سکون کا سبب بنی لیکن سکون بہت دیر تک بہ رہا کیونکہ اب ان کو ایک نیا مسئلہ درپیش ہوا ہیکل میں پردے کا پھٹنا: اسی کونسل نے جس نے یسوع کو موت کی سزا دی اب انھوں نے فیصلہ کرنا تھا کہ ہیکل کے پھٹے ہوئے پردے کے ساتھ کیا کرنا چاہیے بے شک پردے کو اسی حالت میں چھوڑا نہیں جاسکتا تھا کوسیٰ کی شریعت میں یہ بات لکھی گئی تھی: " اور اس میں شہادت کا صندوق رکھ کر صندوق پر بیچ کا پردہ کھینچ دینا۔پھر اس صندوق کو مسکن کے اندر لایا اور بیچ کا پردہ لگا کر شہادت کے صندوق کو پردے کے اندر کیا جیسا خداوند نے موسیٰ کو حکم دیا تھا۔" خروج40 باب3 آیت اور 21 آیت۔اور انھیں اگلے سوال کا دواب دینا تھا کس نے سب یہ کیا؟دس میٹر چوڑے اور پانچ میٹر اونچے پردے کو اوپر سے نیچے تک پھاڑنا یقینا چھوٹی سی بات نہیں تھی۔یقینا چند سیڑھیاں اس کو کرنے کے لیے درکار تھیں ایک اکیلا آدمی اس کو نہ کر سکتا تھا کیا یہ آدمی محافظوں کے پاس سے بغیر ان کو خبر کیے گزر سکتے تھے؟کیا وہ گزر کر مقدس مقام میں داخل ہوئے؟بہت ساری وجوہات ان

کی بحث میں تکلیف دینے کے لیے اور مسائل کے لیے تھیں۔ خدا باپ کے پاس اس معاملے پر کچھ کہنے کے لیے تھا لیکن وہ ان پر ظاہر نہ ہوا اور نہ ہی وہ یہ جانتے تھے۔ کہ اور بھی حیران کن باتیں ہیں جو ان کا انتظار کر رہی ہیں

3 ۔11 پھر انھوں نے یسوع مسیح کے الفاظ یاد کیے: تین دن کے بعد میں دوبارہ جی اٹھوں گا سردار کاہنوں اور فریسیوں نے قبر کو بہت محفوظ جگہ پر بنایا اور قبر پر مہر کی اور پیلاطیس نے انھیں ایک خاص رومی محافظ دیا اس کی سخت حفاظت کے لیے اب مزید مشکلیں نہیں لیکن خدا باپ ایک شدید زلزلہ لایا اور یسوع مردوں میں سے جی اٹھا محافظ محض وہاں کھڑے تھے اور دیکھتے تھے کہ کیا ہوا وہ اس کو روکنے کے لیے کچھ نہیں کر سکتے تھے وہ مردہ آدمیوں کی طرح ہو گئے ان میں سے کچھ شہر کی طرف بھاگ گئے اور سردار کاہنوں کو اپنی کہانی سنائی یہ صبح سویرے کا وقت تھا یہاں تک کہ اب کاہن بھی نہ سمجھے کہ وہاں کون کام کر رہا تھا یہ خدا باپ تھا جو کہانی سپاہیوں نے بتائی یہ آنکھوں دیکھے گواہ کی رپورٹ تھی یہ کہانی بنائی نہیں گئی۔ تجربہ کار آدمی جانتے تھے کہ ان کی زندگیاں خطرے میں تھیں ان کی رپورٹ کو جو کچھ قبر میں ہوا مختلف ہونا چاہیے تھا۔ اگر ایسا نہیں تو وہ ناکام ہو گئے ہیں اور وہ اپنی زندگیاں گنوا سکتے ہیں۔ یہ رپورٹ ایک خوفناک کی طرح لوگوں میں پھیل گئی ایسا کبھی بھی نہیں ہونا چاہیے تھا اس کو روکنے کا ایک ہی راستہ تھا کہ ان کو پیسے دیے جاتے زیادہ پیسے کہ وہ لوگوں کو جھوٹ بتائیں انھوں نے خود پیلاطوس سے بات کرنے کا وعدہ کیا اور ایک معاہدہ کیا اس سے طرح سے یہودی راہنماؤں کو ایک اور موقع ملا کہ وہ خدا کے ساتھ اپنی چیزوں کو درست کریں اور خدا کے ہاتھ کو اس شخص یسوع مسیح میں پہچانیں انھوں نے خود کو اور زیادہ قصوروار کیا ان جھوٹوں کے سبب بہت سارے یہودی اس وقت بھی اور اب بھی اس سچائی سے جو قبر کے بارے اور یسوع مسیح کے جی اٹھنے کے بارے یقین نہیں کرتے۔ اب ہم یہودی کو نسل کو چھوٹتے ہیں اور ان کے مسائل کو بھی اور اپنی " تو جا ایمان لانے والے " شاگردوں کی طرف لائیں گئے اپنے خداندہ کی موت کے بعد انھوں نے کای ایمان رکھا؟

سبق نمبر 9 سے سوالات۔

1 ۔ وہ قبر کیسی تھی جہاں یسوع کو محفوظ لٹایا گیا؟

2 ۔ صبح کے وقت زمین کے ساتھ کیا ہوا؟

3 ۔ کون ظاہر ہوا اور پتھر کو ہٹایا؟

4 ۔ کون قبر پر سے بھاگا؟

5 ۔ یروشلم میں یہودی ہیکل میں کیا ہوا؟

سبق نمبر 10

شاگردوں کی بے یقینی اور ایمان

1۔12 یہودی کونسل کے اراکین ہفتے کے پہلے دن صبح سویرے اٹھے یسوع کے کچھ پیروکار تھے ابھی اندھیرا ہی تھا جب مریم مگدلینی اور دوسری دو عورتیں قبر پر آئیں پتھر قبر سے لڑھکا ہوا تھا وہ یہ دیکھ سکتیں تھی وہ بہت ڈر گئی اور شاگردوں پطرس ،اور یوحنا کو بتانے کے لے دوڑی: " کیونکہ وہ اب تک اس نوشت کو نہ جانتے تھے جس کے مطابق اس کا مردوں میں سے جی اٹھنا ضرور تھا " ۔یوحنا20 باب 9 آیت اسی اثنا میں مریم مگدلینی قبر پر آئی وہ روئی اور غم سے بھری ہوئی تھی ان سب سے بڑھ کر یہ کبات بڑی واضح تھی کہ انھوں نے اس کے بدن کو چرایا ہے اچانک اس کے پیچھے سے ایک آواز آتی ہے " یسوع نے اس سے کہا اے عورت تو کیوں روتی ہے ؟ کسی کو دھونڈتی ہے ؟ اس نے باغبان سمجھ کر اس سے کہا میاں اگر تم نے اس کو یہاں سے اٹھایا ہو تو مجھے بتادے کہ اسے کہاں کھا ہے تا کہ میں اسے لے جاؤں۔ "یوحنا باب 15 آیت۔یہاں ایک حیران کن بات واقع ہوتی ہے یہ صبح کا وقت تھا وہ اس کی آواز جانتی تھی لیکن ابھی تک اس نے اس کے چہرے کو نہ دیکھا تھا کیونکہ وہ رونے میں کافی مصروف تھی۔ وہ مڑی اور اس نے اپنے خداوند کے جانے پہچانے اور محبت بھرے چہرے کو دیکھا وہ چلاتی ہے ربونی، جس کا مطلب ہے اے استاد تھکے تھکے انداز کے ساتھ وہ اسے چھونے کی کوشش کرتی ہے لیکن یسوع فرماتا ہے " مجھے نہ چھو کیونکہ میں اب تک باپ کے پاس اوپر نہیں گیا لیکن میرے بھائیوں کے پاس جا کر ان سے کہہ کہ میں اپنے باپ اور تمہارے باپ اور اپنے خدا اور تمہارے خدا کے پاس اوپر جاتا ہوں یوحنا20 باب 17 آیت۔ دوسری دفعہ صبح سویرے مریم مگدلینی یروشلم کی ان گلیوں میں دوڑتی ہے کوئی پریشانی نہیں اور آنسو نہیں اب اس عورت کے

پاس ایک پیغام ہے آہستگی سے چونکہ وہ سننے سے ڈرتی تھی اس نے الفاظ کو دہرایا اسے شاگردوں کو بتانا ہے میں اپنے باپ اور تمہارے باپ اپنے خدا اور تمہارے خدا کے پاس واپس جارہا ہوں۔ ہاں اس کو ایسا کہنا ہے اس نے خود یہ الفاظ کہتے ہوئے اس سے سنے۔

12-2 رسولوں کا ردعمل بہت زیادہ منفی تھا" مگر یہ باتیں انھیں کہانی سی معلوم ہوئیں اور انھوں نے ان کا یقین نہ کیا۔" لوقا 24 باب 11 آیت خاموشی کے ساتھ پطرس دوسری دفعہ باغ میں گیا لیکن خالی قبر اور لیلن کی رسیوں کے سوا باغ میں کوئی نہ تھا اور جو کچھ ہوا تھا وہ حیران تھا۔ کیا مریم مگدلینی نے یہ سب کچھ خود سے کہا؟ لیکن وہ اس حقیقت سے بہت پریشان تھی کہ اس نے خداوند کو دیکھا ہے انھوں نے ابھی بھی اکٹھے کہا کون ہے جو یسوع کے جسم کو لے گیا؟ ایک چیز جو یقینی تھی کہ قبر خالی تھی وہ وہاں دو دفعہ آیا تھا پھر واپس دوسرے شاگردوں کے پاس آیا اس کے پاس بتانے کے لیے کچھ نہ تھا اسی اثنا میں انھوں نے دروازے بند کر لیے کیونکہ وہ یہودی راہنماؤں سے ڈرتے تھے یوحنا 20 باب 19 آیت۔ پھر اچانک، پہلے ہی شام ہو چکی تھی، یسوع ان کے درمیان آکھڑا ہوا:

تم پر سلامتی ہو اس نے اپنے ہاتھ اور اپنی پسلی دکھائی پھر آخر کار سچائی ان پر ظاہر ہوئی وہ کہانی جو مریم مگدلینی نے بتائی تھی سچ تھی۔ خداوند یسوع زندہ تھا زخموں کے نشان ان خوفناک یادوں کی طرف واپس لے گئے جو کچھ گلگیتا میں واقع ہوا لیکن اس کے ہاتھوں اور اس کی پسلی کے زخم ٹھیک تھے یسوع وہاں کھڑا تھا وہ بالکل صحت مند تھا وہ خوشی سے بھر گئے۔ صرف وہاں توما نہیں تھا جو بہت بعد میں آیا۔

12-3 شاگردوں نے اسے بتایا کہ خداوند ابھی ان کے پاس آیا تھا لیکن توما نے ان کو قابل رحم اور ناقوابل یقین نظروں سے دیکھا ناممکن جب ایک شخص تین دن قبر میں رہتا ہے وہ اٹھ نہیں سکتا اور نہ ہی دکھائی دے سکتا ہے خاص طور پر وہ شخص جس کو صلیب دی گئی ہو جس کے ساتھ اتنا برا سلوک ہوا ہو وہ ایسے برتاؤ کے ساتھ زندہ نہیں رہ سکتا۔ شاگردوں نے توما کو قائل کرنے کی کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہیں: " جب تک میں اس کے ہاتھوں میں میخوں کے سوراخ نہ دیکھ لوں اور میخوں کے سوراخوں میں اپنی انگلی نہ ڈال لوں اور اپنا ہاتھ اس کی پسلی میں نہ ڈال لوں ہر گز یقین نہ کروں گا۔" یوحنا 20 باب 25 آیت۔ توما کی بے یقینی اہم ہے کیونکہ دو دفعہ اس نے ایک شخص کو مردوں میں سے جی اٹھتے دیکھا ایک دفعہ یسوع نے ایک جنازے کو نائم کے شہر کے باہر روکا اور مردہ شخص کو کہا کہ اپنی چارپائی سے اٹھ مردہ آدمی اٹھ بیٹھا اور باتیں کرنی شروع کی ہر شخص خوشی سے بھر گیا لوقا 7 باب 11 سے 16 آیت دوسری دفعہ زمین پر یسوع مسیح کے قیام کا اختتام قریب آرہا تھا یسوع نے پیغام وصول کیا کہ اس کا دوست لعزر بہت زیادہ بیمار ہے جب یسوع بیت لمیناہ میں آیا لعزر پہلے ہی مر چکا تھا اور اس کی لاش چار دنوں سے قبر میں پڑی تھی لیکن یسوع نے لوگوں سے کہا کہ اس کی قبر کو کھول دیں اپنے دوست کو بلایا کہ باہر آئے اور لعزر مردوں میں سے جی اٹھا۔ اس سچائی کا ہر طرف پتہ چل گیا اس کا

مطلب ہے کہ یسوع اب آزادی کے ساتھ اور زیادہ گھوم پھر نہیں سکتا تھا مشتعل یہودی نہیں جانتے تھے کہ کیا کریں دونوں لوگوں کو زندہ کرنا نائن اور بیت عیناہ میں اس میں شاگرد موجود تھے توما بھی شامل تھا لیکن اس کے باوجود اس بات پر ایمان نہ لا سکا کہ یسوع خود بھی مردوں میں سے زندہ ہو سکتا ہے لیکن یسوع نے اس کی مدد کرنے کیلیے کام کیا۔آٹھ دنوں کے بعد شاگرد اور توما بھی یروشلم میں ایک ہی گھر میں موجود تھے۔پہلے ہی کی طرح درازےء بھی بند تھے اچانک یسوع ان کے درمیان آکھڑا ہوا وہ خاص طور پر توما سے ملنے آیا: آٹھ روز کے بعد جب اس کے شاگرد پھر اندر تھے اور توما ان کے ساتھ تھا اور دروازے بند تھے یسوع نے آکر اور بیچ میں کھڑا ہو ہر کر کہا تمہاری سلامتی ہو پھر اس نے توما سے کہا اپنی انگلی پاس لا میرے ہاتھوں کو دیکھ اور اپنا ہاتھ پاس لا کر میری پسلی میں ڈال اور بے اعتقاد نہ ہو بلکہ اعتقاد رکھ توما نے جواب میں اس سے کہا اے میرے خداوندا اے میرے خدا یسوع نے اس سے کہا تو تو مجھے دیکھ کر ایمان لایا ہے مبارک وہ ہیں جو بغیر دیکھے ایمان لائے، یوحنا 20 باب 26 آیت سے 29 آیت تک اسی وقت سے ہم اس اصطلاع کو استعمال کرتے ہیں کہ کوئی بھی شخص جو یقین نہیں لا سکتا یا یقین نہیں لائے گا تو توما کی طرح ہے اب ہم کو ایسا بھی بری طرح، نہیں سوچنا چاہیے کہ توما اس رات سے حقیقتا ایمان لے آیا اس کا ایمان یوں کبھی ڈگمگایا نہیں اس نے دور مشرق میں انجیل کی منادی کی جیسے کہ فارس میں کچھ نشانات ملتے ہیں کہ اس نے انڈیا کا سفر بھی کیا چونکہ وہ ایک شہری کی طرح خدمت کر رہا تھا اور ایک شہید کی طرح مرا۔

4 ۔12 بہت ساری کہانیاں یسوع کے زندہ ہونے کے متعلق بتائی گئی ہیں بہت ساری دوسری لکھی نہیں گئیں۔یسوع ظاہر ہوتا ہے یوں غائب ہو جاتا ہے۔وہ کھلے درازوں میں سے گزر جاتا ہے اور یروشلم اور گلیل کے درمیان کا فاصلہ بغیر کسی مسئلے کے طے کرتا ہے۔اس کے شاگردوں کو یہ فاصلہ پیدل طے کرنا پڑتا ہے کیا یسوع ایک کھیل کھیل رہا ہے؟ وہ خود کو ایک شخص پر ظاہر کرتا ہے پھر دو پر یا زیادہ پر یہاں تک کہ وہ پانچ سو لوگوں کو بھی دکھائی دیتا ہے یہ کوئی کھیل نہیں ہے یسوع کو اپنے باپ کے پاس واپس جانے سے پہلے بہت اہم کام کرنا ہے۔اعمال کی کتاب کے شروع میں لوقا لکھتا ہے: اے تھفلس میں نے پہلا رسالہ ان سب باتوں کے بیان میں تصنیف کیا یسوع شروع میں کرتا تھا اور سکھاتا رہا اس دن تک جس میں وہ ان رسولوں کو جنہیں اس نے چنا تھا روح القدس کے وسیلے سے حکم دے کر اوپر اٹھایا گیا۔اس نے دکھ سہنے کے بعد بہت سے نبوتوں سے اپنے آپ ان پر زندہ ظاہر بھی کیا چنانچہ وہ چالیس دن تک انہیں نظر آتا اور خدا کی بادشاہی کی باتیں کہتا رہا۔اعمال باب 1 سے 3 آیت بڑے صبر کے ساتھ آہستہ آہستہ یسوع ہر ایک بات اپنے شاگردوں کو سکھایا خاص طور پر ان میں پرانی سچائیوں کو دہرایا گیا کیونکہ یسوع نے پہلے ہی ان کو بہت کچھ سکھایا تھا اب وہ ان چیزوں کی وضاحت کرتا ہے جو زمین پر اس کے مقصد کی تکمیل کے بعد ہوئیں کچھ بے چینیاں شاگردوں کے دلوں پر ضرور رینگتی ہیں تصور کیجیے آپ ایک سیمنار میں بیٹھے ہیں استاد درازے کو بجائے دیوار کے زریعے آتا ہے مزید یہ کہ آپ جانتے ہیں کہ وہ بغیر سیڑھی

کواستعمال کیئے ہوئے اسی لمحے غائب ہو جاتا ہے یہ تصور کرنا مشکل ہے لیکن ایسا ہوا خداوند یسوع مسیح جو مصلوب ہوا مر گیا اور دوبارہ زندہ ہوا وہ اپنے شاگردوں کو چالیس دن تک ہدایات دیتا رہا اور یسوع نے اپنی طرف سے کوئی ایک اور چیز نہ کہی بلکہ ہر ایک چیز خدا کی بادشاہی بارے میں کہتا رہا جیسا کہ لوقا کی انجیل میں لکھا ہے کہ دو کے ساتھ جو اماؤس کی راہ پر جا رہے تھے اس نے اپنے دکھوں کے بارے میں بات کی۔۔۔اس نے ان سے کہا اے نادانوں اور نبیوں کی سب باتوں کے ماننے میں سست اعتقاد کیا مسیح کو یہ دکھ اٹھا کر اپنے جلال میں داخل ہونا ضرور نہ تھا۔یوں موسیٰ سے اور سب نبیوں سے شروع کر کے سب نوشتوں میں جتنی باتیں اس کے حق میں لکھی ہوئی ہیں وہ ان کو سمجھاے لوقا24 باب25 سے 27 آیت ہم ان دو لوگوں سے حضد کر سکتے تھے جو اماؤس کی راہ پر جا رہے تھے یسوع نے خود انہیں سکھایا اور پیرا با پیرا پرانے عہد نامے میں سے ان کو سکھایا اب یسوع ناپنے نئے بدن میں اپنے جلالی بدن میں دوبارہ گناہ کیلیے اس کی موت کی ضرورت کی طرف توجہ دلاتا ہے پس ہمارا ذہن دوبارہ ہمارے مطالعہ کے موضوع کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

سبق نمبر10 میں سے سوالات۔

1 ـ کس نے سب سے پہلے یسوع کے زندہ ہونے کی اطلاع دی؟

2 ـ کس نے پہلی دفعہ خالی قبر کو اور یسوع کو اس سے باہر کھڑا دیکھا؟

3 ـ اس شخص نے کیا کیا؟

4 ـ کیوں شاگردوں میں سے کسی نے بھی یسوع کے زندہ ہونے کا یقین نہ کیا؟

سبق نمبر 11

یسوع کے زندہ ہونے کی فتح۔

1 ـ13 جوہانز کے مصائب کو سن کر ہم اس باب کو دیکھتے ہیں کہ دونوں کا اختتام چھوٹا سا ہے۔ موسیقی، اکیلیے گانا اور کوائر کا حمد کے نغموں کو گانا دبا دبا سا ہے لیکن بیچ قبر میں اس کے جسم کے ساتھ ختم کرتا ہے۔متھوس کے مصائب کا آخری گیت جو انہوں نے گایا: یہ گیت کوائر نے بھی گایا:"Wir setzen uns mit Tranen nieder und rufen dir im Grabe zu: Ruhe sanfte, sanfte ruh!" میتھیس کے مصائب کا آخری گیت اور زیادہ مثبت ہے:"Christe, du Lamm Gottes, Der du tragst die sunde der Welt, Gib uns dein ‘n Frieden.

Amen". موسیقی کے ان شاندار شاہکاروں میں اس کے زندہ ہونے کے حوالے سے کچھ بھی نہیں لکھا گیا جو قابل پچھتاوا ہو اسی طرح کی بات مل گبسن کی فلم ،وپیشن آف کرائسٹ میں بھی ہوا۔ جب ہم اس کو دیکھتے یا اس کو سنتے ہیں تو ہم پر یہ تاثر چھوڑا جاتا ہے کہ یسوع کی موت کے بعد صرف ایک ہی چیز رہ جاتی ہے جو یسوع کی زندگی کو اپنی وسیقی میں رکھتا ہے، وہ ہے ء جارج فریڈرک ہینڈل اپنی شاعری میں مسیحا کے بارے میں وہ ہمیشہ کیا گیا پہلے الفاظ یسعیاہ 53 باب میں سے رکھے گئے ہیں اب ہم اس آرٹیکل کا اختتام ہالیلیو یاہ کوائر موسیقی میں کو سن کر کر سکتے تھے۔ لیکن ہم ایسا نہیں کریں گے۔ بلکہ اس کو ذہن میں رکھ کر اور اس کی موسیقی کو پس منظر میں استعمال کر کے متی 28 باب پہلی آیت سے تیسری آیت تک اپنی کہانی کا اختتام کرتے ہیں۔

2۔13 آریتا کے باغ میں خاموشی ہے وقت کے ساتھ ساتھ رومی سپاہیوں میں سے ایک جو قبر کی حفاظت کرتا تھا رائے دیتا ہے آدمیوں کے چہرے اس آگ سے روشن تھے جو گرم کرنے کیلیے جلائی گئی تھی اور شعلوں نے ان کے چہروں کو چمکایا تھا یہ ایک آسان کام تھا یہ حکم ان کو اس کے بدن کو جو معجزات کرتا رہا اسے چائے ؟ یقیناً ایسا بزدل شاگرد نہ کرتے وہ تو یہاں تک اپنے خداوند کو جب وہ پکڑا ہی گیا چھوڑ کر بھاگ گئے نہیں ان کو احتیاط کرنا ہے سونا نہیں ان کو بہت زیادہ سزا دی جائے گی اچانک ان کے علی الصبح کے خوابوں میں پریشانی ہوئی اک بڑی آواز نے ان کی خاموڑی کو توڑا زمین نے کانپنا شروع کیا زلزلہ آیا ہے سپاہیوں میں سے ایک چلاتا ہے جب کہ دوسرے مضبوط ہوتے ہیں ایک خوفناک روشنی یہ کہاں سے آئی ؟ ان کی آنکھیں آگ کیروشنی اور تاریکی میں سے چندھیا جاتی ہیں لیکن یہ بالکل مختلف ہے جب وہ ایک لمحے ہی میں اپنے ہاتھوں کو آنکھوں سے اٹھاتے ہیں وہ دیکھتے ہیں کہ روشنی کہاں سے آتی ہے یہ تو ایک شخص ہے وہ چلتا ہے اور اس میں سے روشنی کی کرنیں نکلتی ہیں اس کا لباس سفید چمکدار ہے بالکل ایسے جیسے نئی نئی برف گری ہو وہ پکار اٹھے یہ فرشتہ ہے انکو دھچکا لگا وہ بڑی مشکل سے دیکھ سکے کہ فرشتہ کیا کر رہا ہے وہ قبر پر جاتا ہے اور پتھر کو لڑھکا دیتا ہے تم ایسا نہیں کر سکتے ان میں سے ایک پکارتا ہے پتھر پر مہر ہوئی ہے لیکن اس کو مداخلت کی جرات نہ ہوئی اور پھر چمکدار فرشتہ پتھر کے اوپر بیٹھ گیا۔ قبر کے اندر سے آواز آرہی ہے جیسے اس کے اندر کوئی کپڑے پہن رہا ہے یہ بہت ہو چکا وہ اس کو مزید برداشت نہیں کر سکتے وہ شہر کی طرف بھاگے کاہنوں کو وہ ہر چیز بتانے کیلیے جو انہوں نے دیکھی اسی اثناء میں دنیا کی تاریخ کا سب سے بڑا معجزاہ قبر میں رعنا ہوتا ہے خدا باپ نے اپنے بیٹے کو ایک نیاء جسم دیا بیٹے نے موت کے بندھنوں کو کھول دیا نیا لباس پہنا اور باہر آیا وہ ابھی بھی ناصرت کا یسوع ہے اس کی آواز اسی طرح کی آواز ہے اور مصلوبیت کے وقت کے زخم ابھی بھی نظر آتے ہیں وہ مکمل طور پر صحت مند ہے حرف نشانات نظر آتے ہیں ہم اسی آواز کو ہنڈل کی ہالیلیو یاہ کوائر میں سنتے ہیں لیکن یہ آوازیں بڑی بڑی کوائروں کی آوازوں کے نیچے دب گئی ہیں۔

3 ۔13 جب بیت الحم میں یسوع کی پیدائش کا اعلان ہوا وہاں فرشتوں کی کوائر موجود تھی اس چھوٹے شہر کے باہر افراتا کے میدانوں میں چرواہے ایک فرشتے کے سبب سے حیران ہوئے جو ان کے لیے خوشی ایک بڑی خبر لایا جو کچھ واقع ہوا اس پر زور

دیتے ہوئے خدا نے فرشتوں کی ایک بڑی کوائر کو بھیجا انہوں نے چرواہوں کیلیے گیت گایا عالم بالا پر خدا کی تمجید ہو اور زمین پر ان آدمیوں میں جن سے وہ راضی ہو صلح۔"لوقا 2 باب 13 سے 14 آیت اریتا کے میدان میں ایک فرشتہ موجود تھا لیکن ہمارے لیے کوئی بڑی کوائر باقی نہ تھی شاید ہم نے اس کا انتظام مختلف طریقے سے کیا تھا لیکن یسعیاہ نبی کہتا ہے کہ خدا کے اپنے طریقے ہیں خداوند فرماتا ہے کہ میرے خیال تمہارے خیال نہیں اور نہ تمہاری راہیں میری راہیں ہیں یسعیاہ 55 باب 8 آیت۔ایک بڑی کوائر کو زمین پر بھیجنے کی بجائے خدا نے آسمان پر گانے کیلیے کوائر تیار کی جب اس نے آسمان پر دعوت دی یوحنا نے مکاشفہ کی کتاب کے عنوانات کو وصل کیا۔اور پھر وہ ہر چیز کی جو وہ دیکھتا تھا گواہی دیتا ہے وہ جو کچھ دیکھتا ہے اس سے بہت متاثر ہے بلکہ کہ وہ اس سے کم نہیں لکھتا خدا باپ ایک شاندار تخت پر نشین ہے اور اس کا بیٹا اس کے ایک طرف کھڑا ہے یسوع مزید باغ میں زمین پر کہیں اور نہیں کھڑا بلکہ وہ آسمان کی طرف اٹھالیا گیا ہے خدا باپ کی موجوگی میں اس کا بڑی عزت کے ساتھ استقبال ہوتا ہے وہ وہاں ایک شخص کی صورت میں نہیں کھڑا بلکہ ایک برے کی صورت میں فرشتوں کے درمیان بزرگوں کے درمیان اور چار جاندار و کے درمیان اور تمام اس کے سامنے جھکے ہوئے ہیں اور وہ ایک نیا گیت گاتے ہیں اور یہ نیا گیت گانے لگے کہ توہی اس کتاب کو لینے اور اس کی مہریں کھولنے کے لائق ہے کیونکہ تو نے ذبح ہو کر اپنے خون سے ہر قبیلے اور اہل زبان اور امت اور قوم میں سے خدا کے واسطے لوگوں کو خرید لیا اور ان کو ہمارے خدا کیلیے ایک بادشاہی اور کاہن بنادیا اور وہ زمین پر بادشاہی کرتے ہیں مکاشفہ 5 باب 9 سے 10 آیت یہ تمام کائنات کی سب سے بڑی کوائر ہے اس کا شمار ہزاروں ہزار اور دس ہزاروں دس ہزار ہے اس کو اگر ہندسوں میں لکھیں تو یہ 1000 × 1000 اور 10000 × 10000 اس کا شمار ممکن نہی "ں اور اس کا تصور بھی کہ کتنے ممبر اس کوائر میں ہیں یہ کوائر زمین پر نہیں آئی جب یسوع زندہ ہوا یہ یقینا اریتا کے میدان میں پوری نہ آتی اور ہم جو دو ہزار سال پہلے سے رہتے ہیں ہمیں اپنے آپ کو ہینڈل کی ہالیلیویاہ کوائر ساتھ شامل مطمئن ہونا ہے جب ہم بھی آسمان پر اٹھائے جائیں گے ہم بھی یسوع مسیح کو ایک برے کی صورت میں جو ذبح کیا گیا ہے دیکھیں گے وہ جو اپنی آزاد مرضی سے قربان کیا گیا اور جس نے ہمیں گناہوں سے آزاد کیا وہ ہمارا استقبال کرے گا پر بڑی کوائر میں ہمارے لیے بھی ایک مقام ہو گا جو ایماندار ہیں

سبق نمبر 11 میں سے سوالات

1 ۔کیوں سپاہی قبر پر سے بھاگ گئے؟

2 ۔جب یسوع بیت الحم میں پیدا ہوا تو خدا باپ نے کیا کیا؟

3 ۔فرشتوں کی کوائر اس کوائر کے مقابلے میں جو مکاشفہ میں ہے چھوٹی ہے۔

4 ۔اس کوائر میں کتنے ممبر تھے؟

5 ۔اس کوائر میں کون گائے گا؟

کتابیات

کتاب: دی کراس آف کرائسٹ 1986 جان سٹارٹ کتاب سسٹمٹیک تھیالوجی۔1974 لوئس برک ہاف۔

کتابچہ :ایکسپرئیسن دی پیشن آف جیزز۔2004 لی سٹرابل این گیر یپولی۔

کتاب:دی کراس گاڈدی سن 1999 ڈی مارٹن لائرڈ جونز

کتاب۔دی کراس سپر جن

کتاب۔دی پاورآف جیز زبلڈ۔اینڈریو مرے

کتاب۔پرئیر دی ایڈوانچر۔فرام دی سول 1995 ڈی ایس سیکیولر(لبرل)ڈی وی ڈی:دی پیشن آف کرائسٹ 2004 مل گبسن

انٹرنیٹ: اگرآپ تیورن کی چادر کے بارےاور ویرونیکا کے کپڑے کے بارے دیکھناچاہتے ہیں تواپنے کمپیوٹر پران کے نام لکھ کر تلاش کریں۔

Foundation: Workgroup “Back to the Bible“

Mail-address: Populierenstraat 51, 8266 BK Kampen, the Netherlands

Tel. 038-3328234

E-mail: Byblos@solcon.nl

Website: www.backtobible.nl

Local board: president - pastor Ing. M . v.d. Kraats

Secretary/treasurer - A.A. Doorn